ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

ABC CERTIFIED ☆ آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

★★★★★★ اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان، مظفرآباد، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا موقر قومی اخبار ☎ 2331689-90

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

جلد: 32 | منگل 14 اپریل 2026ء 25 شوال المکرم 1447ھ 2 بیساکھ 2083ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 341

1701

اسلام آباد، وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

شکایت کنندگان کو ہر ممکن سہولت دی جائے، نوید کامران بلوچ

ادارے کے انفراسٹرکچر کو مزید بہتر بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے، وفاقی محتسب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے اپنے ادارے کے افسران کو ہدایت کی ہے کہ یہاں آنے والے شکایت کنندگان کو ہر ممکن سہولت دی جائے، اگر کوئی شکایت کسی دوسرے وفاقی یا صوبائی محتسب سے متعلق ہو تو شکایت کنندہ کو واپس بھیجنے کی بجائے اس کی شکایت وصول کر کے متعلقہ محتسب کو اپنے خط کے ساتھ بھیجی جائے۔ انہوں نے کہا کہ شکایت کنندگان کو اوسی آر پروگرام اور کھلی کچہریوں کے ذریعے ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے پروگراموں کو جاری رکھا جائے گا، اس سلسلے میں عنقریب مزید اقدامات بھی اٹھائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فریقین کے مابین متنازعہ مسائل کو ثالثی کے ذریعے نمٹانے کے پروگرام آئی آر ڈی کو مزید وسعت دی جا رہی ہے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ شکایات 60 دن کی مقررہ مدت میں نمٹانے کو یقینی بنائیں۔ وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اپنے ادارے کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا جس میں تمام شعبوں کے افسران نے شرکت کی جب کہ علاقائی دفاتر کے افسران آن لائن اجلاس میں شریک ہوئے۔ وفاقی محتسب کو بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ رواں سال کے دوران 31 مارچ تک 62734 شکایات موصول ہو چکی ہیں۔ وفاقی حکومت کے 213 ادارے وفاقی محتسب کے کمپیوٹرائزڈ نظام (CMIS) کے ساتھ منسلک ہیں، ان اداروں میں آنے والی شکایات اگر ایک ماہ میں حل نہ ہوں تو وہ خود بخود وفاقی محتسب کے کمپیوٹرائزڈ نظام میں آ جاتی ہیں اور ان پر کارروائی شروع کر دی جاتی ہے۔ وفاقی حکومت کے باقی اداروں کو بھی اس نظام سے منسلک کیا جا رہا ہے۔ نوید کامران بلوچ نے کہا کہ وفاقی محتسب کے بارے میں آگاہی مہم کو مزید منظم انداز میں آگے بڑھایا جائے گا تا کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس ادارے سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ادارے کے انفراسٹرکچر کو مزید بہتر بنانے کے لئے بھی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔

www.jang.com.pk ★★★★★★★★★
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
LOCAL EDITION TUESDAY APRIL 14, 2026
THE DAILY JANG RAWALPINDI ★★★
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962444-5962449 فیکس 5962277
بانی ..... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 8 قیمت 35 روپے
جلد 68 منگل 25 شوال المکرم 1447ھ/14 اپریل 2026ء 2 ویساکھ 2082ب نمبر 102

محتسب کو 3 ماہ میں وفاقی اداروں کی 62 ہزار سے زائد شکایات موصول

وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ کی سرکاری افسران کو 60 دن کے اندر شکایات نمٹانے کو یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (طاہر خلیل) رواں سال 31 مارچ تک 62 ہزار سے زائد شکایات موصول ہو چکی ہیں ، وفاقی محتسب نے اپنے ادارے کے افسروں کو ہدایت کی ہے کہ یہاں آنے والے شکایت کنندگان کو ہر ممکن سہولت دی جائے ، انہوں نے افسران کو ہدایت کی کہ وہ شکایات 60 دن کی مقررہ مدت میں نمٹانے کو یقینی بنایا جائے ، وفاقی محتسب نوید کامران بلوچ نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز اپنے ادارے کے ماہانہ جائزہ اجلاس کی صدارت کے دوران کیا جس میں تمام شعبوں کے افسران نے شرکت کی جبکہ علاقائی دفاتر کے افسران آن لائن اجلاس میں شریک ہوئے۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ اگر کوئی شکایت کسی دوسرے وفاقی یا صوبائی محتسب سے متعلق ہو تو شکایت کنندہ کو واپس بھیجنے کی بجائے اس کی شکایت وصول کر کے متعلقہ محتسب کو اپنے خط کے ساتھ

باقی صفحہ 6 نمبر 54

بقیہ 54 شکایات موصول

بھیجا جائے۔ شکایت کنندگان کو اوسی آر پروگرام اور کھلی کچہریوں کے ذریعے ان کے گھر کے قریب انصاف فراہم کرنے کے پروگراموں کو جاری رکھا جائے گا، فریقین کے مابین متنازعہ مسائل کو ثالثی کے ذریعے نمٹانے کے پروگرام "آئی آر ڈی" کو مزید وسعت دی جا رہی ہے۔